(۲)

Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲۲ ذی الحجہ ۱۳۵۲ھ مطابق ۷ اپریل ۱۹۳۴ء

حصہ اوّل

خلاصہ احکام اجلاس جناب پریسیڈنٹ بہادر کونسل

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس صاحب پریسیڈنٹ دربار کونسل

حکم — واقع ۱۰ مارچ ۱۹۳۲ء

نظری تحریر صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر موسومہ
صاحب چیف منسٹر بہادر دربارہ منظوری رخصت
دوماہ معہ تنخواہ پیشگی مطلوبہ کپتان آغا
ذاکر حسین صاحب اسسٹنٹ کنٹرولر (ہاؤس ہولڈ)
از یوم استفادہ بغرض زیارت اماکن متبرکہ
جس صراحت کہ اسسٹنٹ کنٹرولر صاحب کی عدم
موجودگی میں سردار صاحب بہادر ڈیوڑھی
کام کے ذمہ دار رہیں گے۔

حکم

رخصت مطلوبہ منظور ہے۔ دو ماہ کی تنخواہ پیشگی دلادی جائے

حکم ہوا کہ

کاغذات برائے اجرائے احکام صدر کو مرسل ہوں۔
ایک نقل صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل کو بھیجی جائے۔
دستخط صاحب پریسیڈنٹ دربار کونسل

حکم — واقع ۱۰ مارچ ۱۹۳۲ء

ترجمہ تحریر صاحب ریونیو منسٹر بہادر دربارہ منظوری رخصت
رعایتی سات یوم مطلوبہ مولوی ذوالفقار علیخان
صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری از ۹ مارچ ۱۹۳۲ء
لغایۃ ۱۵ اپریل ۱۹۳۲ء بغرض شرکت تقریب عقد دختر خود بذمہ داری انسپکٹر حلقہ

حکم

صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری کی سات یوم رخصت
رعایتی منظور ہے۔ انسپکٹر حلقہ کام کے ذمہ دار رہیں گے
سررشتہ سے احکام جاری ہوں۔ بعد اجرائے
کاغذات کونسل میں پیش ہوں۔
(دستخط صاحب پریسیڈنٹ دربار کونسل)

حکم — واقع یکم اپریل ۱۹۳۲ء

ترجمہ تحریر صاحب آرمی منسٹر بہادر موسومہ صاحب چیف منسٹر بہادر
دربارہ منظوری رخصت ڈیسیوم کپتان محمود علیخان صاحب
کمانڈنگ افسر رامپور رسالہ لانسرز بغرض
روانگی آگرہ بنابر انتظام جائداد خود بذمہ داری
کپتان عبدالعلیخان اسکواڈرن کمانڈر بابت کام

حکم

کمانڈنگ افسر رامپور رسالہ لانسرز کی ڈیسیوم کی رخصت
رعایتی منظور ہے۔ ایام رخصت میں کپتان عبدالعلیخان
کام کے ذمہ دار رہیں گے۔ سررشتہ سے احکام
ضابطہ۔ اور آرمی ہیڈ کوارٹرز سے آرمی آرڈر جاری
ہو۔ کاغذات کونسل میں پیش کئے جاویں۔
دستخط صاحب پریسیڈنٹ دربار کونسل

حکم

واقع ۱۴ اپریل ۱۹۳۴ء

قبل ازیں حکم جاری کیا گیا تھا۔ کہ ۱۵ اپریل ۱۹۳۴ء
کو میونسپلٹی میں انتخاب کی کارروائی عمل میں لائی جائے
چونکہ ۱۵ اپریل ۱۹۳۴ء سے رسومات
عزاداری محرم الحرام شروع ہو جاتی ہیں لہذا ۱۳
اپریل ۱۹۳۴ء کو انتخاب کی کارروائی کی جائے۔
صاحب اگزیکٹیو افیسر میونسپلٹی باعلان عام
جملہ ووٹ دہندگان کو اس ترمیم کی اطلاع دیدیں۔
بتاریخ مذکور ۱۰ بجے صبح سے ۴ بجے شام تک
انتخاب کا کام کلیتہً ختم ہو جائے۔ نیز جملہ محکمہ جات
کو اطلاع دی جائے۔ کہ ہر اس ملازم کو جو اپنا ووٹ
استعمال کرنا چاہے۔ نیز اُن اہل معاملہ گواہان اور
وکلاء کو جن کے مقدمات یا معاملات دفاتر اور عدالتوں
میں ہوں۔ جائے انتخاب پر جانے۔ اور ووٹ دینے
کا کافی موقعہ دیئے جانے کے واسطے سہولت بہم
پہنچائی جائے اور اس امر کا کافی لحاظ رکھا جائے کہ اُنکی
عدم موجودگی کے سبب سے اُن کے معاملات میں
کوئی ایسا حکم نہ دیا جائے جو اُنکے حقوق پر اثر انداز ہو۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک
نقل درج گزٹ ہو۔ بعد اجراء روبکار ہذا اطلاعاً کونسل
میں پیش ہو۔

دستخط صاحب پریذیڈنٹ بہادر کونسل

حکم

واقع ۱۲ اپریل ۱۹۳۴ء

بہ تحریر صاحب آنریری منسٹر بہادر بتوسط صاحب چیف منسٹر بہادر
دربارہ منظوری رخصت رعایتی آٹھ یوم لفٹنٹ
ایڈجوٹنٹ ہادی علیخاں سکنڈ رامپور مرتضیٰ
انفنٹری از ۲ لغایت ۹ اپریل ۱۹۳۴ء
بغرض روانگی نادیان بذمہ داری جمعدار
حسین امجد علیخاں

حکم

حسب سفارش صاحب آنریری منسٹر بہادر لفٹنٹ ایڈجوٹنٹ
ہادی علیخاں سکنڈ رامپور مرتضیٰ انفنٹری کی آٹھ یوم کی
رخصت رعایتی منظور ہے۔ جمعدار حسین امجد علیخاں کام
کے ذمہ دار رہیں گے۔ سررشتہ صدر احکام ضابطہ
جاری ہوں۔ آرمی ہیڈکوارٹر سے آرمی آرڈر جاری کیا جائے
دستخط صاحب پریذیڈنٹ بہادر کونسل